# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب


## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**


**پریس ریلیز**

**محکمہ زراعت پنجاب نے آم کی گدھیڑی کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں**

لاہور: **13** دسمبر **2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ماہ دسمبر کے دوران آم کی گدھیڑی کے انڈوں سے بچے نکلنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے اس لئے باغبان انڈوں اور ان سے نکلنے والے بچوں کی تلفی کے لئے آم کے پودوں کے گرد گوڈی کریں اور جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ تنے کے گرد زمین کھود کر کلور پائیریفاس 40 ای سی (Chlorpyrifos) 10 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر ڈالیں تاکہ بچے انڈوں سے نکلتے ہی زہر کے اثر سے مر جائیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان آم کے پودوں کے تنوں پر زمین سے 2 تا 3 فٹ اوپر 1 فٹ چوڑا پلاسٹک شیٹ کا بند لگائیں اور اس کے درمیان 1 انچ اچھی کوالٹی کی گریس کا رکاوٹی بند لگائیں تاکہ گدھیڑی کے بچے اوپر نہ چڑھ سکیں۔ گدھیڑی کے بچے نمودار ہونے پر بند کے نیچے میلاتھیان 57 ای سی (Malathion) 5 ملی لٹر فی لٹر یا سپائرو ٹیٹرا میٹ (Spirotetramat) 1.5 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ہفتے میں دو بار سپرے کریں۔ سپرے کا عمل 15 جنوری تک یا محکمہ زراعت کے زرعی ماہرین کے مشورہ سے حسب ضرورت جاری رکھیں۔ باغبان ایک ہی زہر کا بار بار استعمال نہ کریں۔

☆☆☆☆